22/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں---عمر مختار

پہلگام برسی

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاد کرشنن، وزیر اعظم نریندر مودی ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ ، لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پہلگام □ملے میں از جان ہوئے افراد کو ان کی پہلی برسی پر خراج عقیدت پیش کیاہے ۔اپنے الگ الگ بیانات میں انہوننے کہا ہے کہ کسی بھی قسم کی دہشت پسندی کے خلاف مناسب کارروائی کی جائے گی اور دہشت پسندی کی پشت پناہی کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ گذشتہ برس آج ہی کے دن پہلگام کی بیسرن وادی میں دہشت پسندوں نے ایک □ملے میں 26افراد کو ہلاک کیا تھا جن میں 25سیاح اور ایک مقامی شخص شامل تھے۔

ٹرمپ

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ غیر معینہ مدت تک جنگ بندی کا اعلان کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسے دو ممالک کے درمیان امن مذاکرات کو جاری رکھنے میں مدد ملے گی ۔ٹرمپ کا یہ اعلان اس وقت سامنے آیا ہے جب آج صبح دو ہفتے کی جنگ بندی کی معیاد ختم ہو رہی تھی ۔

نشہ مہم

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے ت□ت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں اور سماج سے اس کا قلع قمع کرنے کے لئے پولیس ، انتظامیہ اور مختلف م□کمے مت□د ہو کر بے مثال کام انجام دے رہے ہیں ۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

----(DRUGS)--LG------

اس دوران جموں کشمیر کے تمام اضلاع میں ضلع انتظامیہ اور پولیس کے اہتمام سے بیداری پروگراموں کا انعقاد جاری ہے ۔ نشہ مکت جموں کشمیرابھیان کے ت□ت مختلف قسم کی سرگرمیاں انجام دی جا رہی ہیں ۔ جبکہ پولیس نے منشیات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف اپنی کارروائیوں میں تیزی لائی ہے ۔

سیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے ثقافتی شناخت اور ورثے کے ت□فظ میں زبان کے کلیدی کردار کو اجاگر کیاہے۔ جموں میں ایک تقریب میں چار ڈوگری کتابوں کی رسم رونمائی کے دوران انہوں نے کہا کہ ڈوگری جیسی مادری زبانوں کا فروغ جموں و کشمیر کی بھرپور ثقافتی روایت کو برقرار رکھنے کے لیے نہایت ضروری ہے اور اس سے نئی نسل میں فخر اور وابستگی کا □ساس پیدا ہوتا ہے۔

تقریب کا اہتمام ڈوگری بھاشا اکیڈمی جموں نے کیا تھا۔

رسم رونمائی

اس دوران جموں و کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز کی جانب سے
جموں میں ایک ادبی تقریب منعقد کی گئی جس میں ڈوگری زبان کی تین کتابوں کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔ ان کتابوں کو ڈوگری ادب کے فروغ میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

تقریب کی صدارت ممتاز سینئر ڈوگری ادیب پروفیسر للت کمار مگوترانے کی۔ اس موقعے Krishna Premپر معروف ادبی شخصیت

اور اکیڈیمی کی سیکرٹری ہروندر کور کے علاوہ کئی دیگر شخصیات موجود تھیں۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے ضلع کے گریز تحصیل میں جاری مختلف ترقیاتی کاموں میں سرعت لانے اور ان کو وقت مقر رہ کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

گریز کے تین روزہ دورے کے پہلے دن انہوں نے وہاں کرشی وگیان کیندر کی جانب سے قائم کا دورہ کیا ۔Yard کئے گئے اپنی نوعیت کے پہلے ٹولپ

یہ پروجیکٹ سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی اور ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر رئیس احمد حبیب کنٹھ کی نگرانی میں عملایا جا رہا ہے ۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے پنچایت انتخابی فہرستوں کو وقت مقررہ کے اندر مکمل کرنے کی متعلقہ افسران کو ہدایت دی ہے ۔انہوں نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں جاری اس عمل کے علاوہ رنگ روڈ پروجیکٹ پر ہو رہے کام کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا۔

کپواڑہ

کپواڑہ کے ڈپٹی کمشنر شری کانت سوسے نے ضلع میں ڈیجیٹل کراپ سروے اور زمین کے انتقال کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈیجیٹل کراپ سروے کو اگلے تین دن کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

گاندربل ADC

گاندربل کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سید فہیم بہیقی نے ضلع افسران کی ایک میٹنگ میں پوشن ابھیان کے عمل آوری کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں پر زور دیا کہ وہ تمام مراکز میں کھانے پینے کی اشیاءکے اعلیٰ معیار کو برقر ار رکھنے اور مسلسل بنیادوں پر معیار کی جانچ کو یقینی بنائیں ۔

IPL

انڈین پریمیر لیگ کے سلسلے میں آج لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ راجستھان رائلز کے ساتھ ہوگا ۔ کرکٹ اسٹیڈیم مینکھیلا Ekana یہ میچ شام ساڑھے 7 بجے لکھنؤ کے شری اٹل بہاری واجپائی جائے گا ۔ کل رات کو حیدر آباد میں کھیلے گئے ایک میچ میں سن رائزس حیدر آباد نے دلی کیپٹلز کو 47رن سے ہرایا تھا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ